مرکز جدید فقہی تحقیقات جامعہ المرکز الاسلامی اور دیگر اہل علم وتحقیق کے اشتراک سے ایک اہم اجلاس

بابت چھٹا بنوں فقھی اجتماع

بعنوان

جدید طبی تحقیقات اور متعلقه فقھی مسائل کا حل

۲۰ مارچ ۲۰۰۶ بروز پیر دفتر مرکز جدید فقہی تحقیقات میں ایک اہم اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں اہل علم وتحقیق کے ایک نمائندہ وفد نے شرکت کی۔ اجلاس میں عصر حاضر کی اہم ضرورت ''جدید طبی تحقیقات اور متعلقہ فقہی مسائل کا حل'' کے موضوع پر فقہی اجتماع انعقاد کا فیصلہ کیا گیا۔ جو بتاریخ ۱۸، ۱۹ نومبر ۲۰۰۶ء بمطابق ۲۷، ۲۸ شوال المکرّم کو ہوگا۔ شرکاء اجلاس نے حضرت مولانا سید نصیب علی شاہ (الہاشمی) کے اس اقدام کو سراہا اور اسے وقت کی اہم ضرورت قرار دے دیا اس اجلاس میں کئی کمیٹیاں بنائی گئیں۔

تحقیقی کمیٹی نے کافی غور وخوض کے بعد درجہ ذیل عنوانات، مقالات کے لئے انتخاب کیا۔

عنوانات مقالات:

(۱) اسلامی نقطہ نظر سے اطباء کے لئے ضابطہ اخلاق کی تدوین

(۲) عصر حاضر میں طب جدید کے بعض نئے تحقیقات اوران کا فقہی جائزہ

(۳) علاج ومعالجہ میں ڈاکٹر پر موجب ضمان مسائل

(۴) جدید طب کے نظر میں متعدی امراض اوراس کی شرعی جائزہ

(۵) سروگیٹ مادر کا حکم

(۶) غیر مأکول اللحم جانوروں کی اعضاء انسانی جسم میں لگانے پر فقہی تحقیق

(۷) اسقاط جنین اور متعلقہ فقہی مسائل

(۸) ایڈز اور دیگر متعدی ومہلک امراض کی وجہ سے فسخ نکاح

۹) گردہ اور دیگر اعضاء کے انتقال اور پیوندکاری کا فقہی جائزہ

(۱۰) انسانی کلوننگ کا شرعی جائزہ

(۱۱) خلقت جنین کے بارے میں جدید سائنسی تحقیق اور قرآن کریم

(۱۲) انسانی اعضاء پر طبی مشق کرنے کی شرعی حیثیت

ان عنوانات پر جس پر اہل علم وتحقیق کو اپنے علمی وتحقیقی مقالے پیش کرنے اور اس پر مزید رائے دینے کی دعوت دی جاتی ہیں۔ اور اہل علم ۲۰ اکتوبر ۲۰۰۶ء تک اپنی تحریر آراء سے مطلع فرماویں۔

برائے رابطہ: پوسٹ بکس نمبر 33 ڈیرہ روڈ بنوں فون: 0928-331353 فیکس: 331355

ای میل ایڈریس: almarkazulislami@maktoob.com

☆☆☆☆☆